سوال

(387) سپیکر پر نماز پڑھانا درست عمل ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حنفی کہتے ہیں کہ امام یا مکبر کی آواز پر ہی امام کی اقتدا کرنی چاہیئے۔ جس نے تکبیر تحریمہ یا دیگر تکبیرات اور رکوع سجدہ لاوڈ سپیکر کی آواز پر کیا، اس کی نماز فاسد ہوجائے گی، کیونکہ سپیکر بذاتِ خود امام کی اقتدا کی صلاحیت نہیں رکھتا اور جو نماز میں داخل نہ ہو، اس کی آواز پر عمل کرنے سے نماز فاسد ہوجاتی ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سپیکر پر نماز پڑھانا درست عمل ہے، کیونکہ یہ محض آواز کے دور تک پہنچانے کا ایک آلہ ہے جو معاون کی حیثیت رکھتا ہے، اصل اقتدا تو امام یا سامع ہے۔ اس کے جواز میں کوئی کلام نہیں ہونی چاہیئے، آج کل معتدل احناف کا عمل بھی اسی پر ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :352

محدث فتویٰ